احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

جمعرات 23 ستمبر 2010ء

روزنامہ FD-10 ٹیلیفون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعرات 23 ستمبر 2010ء 13 شوال 1431 ہجری 23 تبوک 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 197

عالم الغیب والشہادۃ

وہی اللہ ہے جس کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔ غیب کا جاننے والا ہے اور حاضر کا بھی۔ وہی ہے جو بن مانگے دینے والا، بے انتہا رحم کرنے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

(الحشر:23)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ایسی کتاب کسی انسان کو تازہ گیان اور تازہ معرفت نہیں بخش سکتی بلکہ اپنی مجبوری ظاہر کر کے رفتہ رفتہ ایسے لوگوں کو جو اس کے پیرو ہیں دہریت کی طرف کھینچتی ہے اور انجام کار اپنا درماندہ ہونا دکھلا کر ان کے معمولی ایمان کے لئے بھی سم قاتل ہو جاتی ہے کیونکہ آخر کار ان کے ذہن اس طرف منتقل ہو جاتے ہیں کہ اگر مثلاً پرمیشر عالم الغیب ہوتا تو اس کا بیان عالم الغیب ہونے کے بارہ میں صرف قصہ کے طور پر نہ ہوتا بلکہ وہ اپنے علم غیب کا کوئی نمونہ پیش کرتا۔ کیا وید کا پرمیشر صرف قصوں کے رنگ میں اپنی صفات پیش کر کے یہ امید رکھتا ہے کہ اس کی ان بے ثبوت صفات کو مان لیا جاوے اور بغیر کسی پیش کردہ دلیل کے اس کو عالم الغیب سمجھ لیا جائے یا ایسا ہی دوسری صفات اس کی تسلیم کر لی جائیں۔ خدا کی کتاب کا تو یہ مقصد ہونا چاہئے کہ انسان کے معمولی علم سے جو خدا تعالیٰ اور اس کی صفات کی نسبت محض قصوں کے رنگ میں ہے ترقی دے کر یقینی علم تک اس کو پہنچاوے نہ کہ وہ علم ناقص جو انسانوں کو پہلے ہی سے حاصل ہے وہی اس کے سامنے پیش کرے۔ خصوصاً اس زمانہ میں جبکہ عام حالت اکثر انسانوں کی دہریت تک پہنچ گئی ہے ایسی قصہ گوئی بجز اس کے کیا فائدہ دے سکتی ہے کہ دہریہ طبع لوگ اور بھی اس پر ہنسی ٹھٹھا کریں۔ ہر ایک واقف کار جانتا ہے کہ آجکل خدا تعالیٰ کے وجود کے بارے میں نہایت تیز مخالفت کی گئی ہے اور اس کی ہستی کی نسبت ہزارہا اعتراض اٹھائے گئے ہیں پس اس زمانہ میں وہی خدا کی کتاب بگڑی ہوئی طبیعتوں کو سیدھا کر سکتی ہے کہ اس بھڑکتی ہوئی آگ پر اپنے زبردست نشانوں کے ساتھ پانی کا کام دے۔ جبکہ صرف قصے پہلے ہی سے دہریوں اور بے قید لوگوں کی نظر میں زیر مواخذہ ہیں تو کیا وید کا قصہ گوئی سے یہ مطلب ہے کہ اسی زندان میں اپنے تئیں بھی ڈال دے جس میں دوسرے قصہ گو بھی پڑے ہوئے ہیں۔

(چشمہ معرفت، روحانی خزائن جلد 23 ص 39)

مستحق طلبہ کی امداد

جماعت میں بہت سے ایسے افراد ہیں جو غربت کی وجہ سے اپنے بچوں کی پڑھائی کے اخراجات نہ اٹھا سکتے ہیں ایسے مستحق اور غریب طلبہ کے لئے صدر انجمن احمدیہ میں ایک شعبہ ''امداد طلبہ'' کے نام سے قائم ہے۔ یہ شعبہ مخیّر احباب کی طرف سے ملنے والے عطیات اور مالی معاونت سے ہی چل رہا ہے۔ اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء و طالبات اپنی تعلیم جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ رقوم درج ذیل صورتوں میں خرچ کی جاتی ہیں۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس
3۔ درسی کتب کی فراہمی 4۔ فوٹو کاپی مقالہ جات
5۔ دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات اس طرح سے ہیں۔

1۔ پرائمری و سیکنڈری 8 ہزار سے 10 ہزار روپے تک سالانہ
2۔ کالج لیول 24 ہزار سے 36 ہزار روپے تک سالانہ
3۔ بی ایس سی۔ ایم ایس سی و دیگر پروفیشنل ادارہ جات ایک لاکھ سے 3 لاکھ روپے تک

سینکڑوں طلبہ کو اس شعبہ کے تحت امداد فراہم کی جاتی ہے لیکن اس وقت اس شعبہ پر بے انتہا مالی بوجھ ہے۔ جس کے لئے عطیات کی فوری ضرورت ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے حلقہ احباب میں بھی موثر رنگ میں تحریک فرماویں کہ اس شعبہ کے لئے دل کھول کر حصہ ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بے انتہا برکت ڈالے۔ آمین

یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد ''امداد طلبہ'' میں بھجوائے جا سکتے ہیں۔

(نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم)

حضرت اماں جان کی مہمان نوازی

حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب فرماتے ہیں:۔

’’مجھے 1889ء سے حضرت اماں جان کو کسی قدر قریب سے اور 1898ء سے بہت قریب سے دیکھنے اور آپ کی شفقت و کرم کا تجربہ کرنے کا موقع ملا ہے......خدمت سلسلہ میں آپ کی خدمات کا ایک پہلو کس قدر قیمتی ہے کہ ابتداء میں باوجود خادماؤں کے۔ مہمانوں کے لئے اپنے ہاتھ سے کھانا وغیرہ تیار کرتی تھیں اور کبھی اس قسم کی خدمات سے آپ نے گھبراہٹ کا اظہار نہیں فرمایا میں ایک بصیرت سے جانتا ہوں کہ ابتداء میں جب حضرت اقدس کا کھانا وغیرہ بڑے گھر سے آتا تھا اور مہمان وقت بے وقت آجاتے اور حضور اکرام ضیف کے بہترین نمونہ تھے۔ مجبوراً اسی گھر میں اطلاع دینی ہوتی تھی اور وہ اکثر بُرا مناتے اور کہہ دیتے کہ:

تمہارے پاس تو اسی طرح آتے رہتے ہیں ہم سے یہ نہیں ہوسکتا۔ کوئی اور انتظام کرلو۔

(بڑے گھر سے مراد مشترکہ گھر ہے جس میں مرزا غلام قادر صاحب کی بیوہ جو جماعت میں تائی کہلاتی ہیں رہتی تھیں اور حضور کی زوجہ اوّل اور ان کے صاحبزادگان کی بھی رہائش تھی)۔

’’خدا کی اس نعمت کو انہوں نے رد کر دیا اور خدا تعالیٰ نے اس فضل کو سیدہ نصرت جہاں بیگم کے لئے مقرر کر رکھا تھا۔ ادھر حضرت مسیح موعود کو مہمانوں کے کثرت سے آنے کی بشارات دیں اور یہ بھی قبل از وقت بتا دیا کہ ان سے تھکنا اور گھبرانا نہیں ادھر ان کے لئے مہمان نوازی کے صحیح نظام کو قائم رکھنے کے لئے اپنے وعدہ کے موافق جو

ہر چہ بائید نو عروسی راہمہ ساماں کنم

میں کیا تھا حضرت سیدہ کو آپ کے نکاح میں لا کر انتظام کر دیا۔ مہمان دن رات کے ہر حصہ میں پیدل سوار آجاتے مگر حضرت اماں جان نے کبھی نہ ان سے بے وقت آنے کی شکایت کی اور نہ اپنا دل چھوٹا کیا بلکہ ہر فرد کے آنے پر خوشی کا اظہار فرماتیں اور اپنی شفقت و رحمت کے دامن کو اتنا وسیع کرتیں کہ آنے والا اپنے گھر سے زیادہ راحت پاتا۔

’’مہمان نوازی کے واقعات اور عجائبات بے انتہاء ہیں۔ مجھے مختصراً اتنا ہی کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو مہمانوں کی کثرت کی بشارتیں دی تھیں اور ان کی ضروریات کے انصرام کا بھی آپ ذمہ لیا تھا اور حقیقی مہمان نوازی کے لئے اماں جان کو بھیج دیا......

حضرت اماں جان کی خصوصیات میں یہ امر بھی داخل ہے کہ آپ حضرت مسیح موعود کے خدام اور رفقاء سے پوری واقفیت رکھتی ہیں اور ایمانی رنگ میں جو جس قدر حضرت کے قریب تھے اماں جان اسے خوب سمجھتیں اور ان کی قدر فرماتی ہیں اور جب ان میں سے کوئی حاضری کی سعادت پاتا تو اس کے گھر کے تمام چھوٹے بڑوں کا تفصیل سے حال پوچھنا آپ کے دائرہ عمل میں داخل ہے۔ بعض رفقاء کو میں نے دیکھا کہ وہ بے تکلف کبھی کبھی کوئی فرمائش کھانے وغیرہ کی کر دیتے حضرت (اماں جان) سن کر بہت خوش ہوتیں اور خاص اہتمام سے اس کو پورا کرتیں۔ اس قسم کے احباب میں سے ایک میرے نہایت ہی مخلص مخدوم بھائی حضرت منشی ظفر احمد صاحب تھے۔‘‘

(سیرت حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ 375تا378)

غزل

اللہ ان کے شر ان پر الٹائے گا
انشاءاللہ امن کا موسم آئے گا

حق کو غالب آنا ہے ہر حالت میں
باطل اک نہ اک دن منہ کی کھائے گا

ذلت کے دریائے نیل میں ڈوبے گا
جو بندہ فرعونوں کے گُن گائے گا

ظالم کے کردار پہ جو خاموش رہے
اصل میں ظالم کا وہ ساتھ نبھائے گا

ڈرتے ہیں اب لوگ عبادت گاہوں سے
کب کوئی دہشت گرد وہاں در آئے گا

شیخ نہ مجھ سے میرا عقیدہ پوچھے گا
پوچھے گا تو شرمندہ ہو جائے گا

میری نسبت اس کو اپنی جان عزیز
میرا ذکر کرے گا تو گھبرائے گا

مجھ کو اپنا گھر جلنے کی فکر نہیں
اس سے کچھ اندھیرا تو چھٹ جائے گا

وہی تو قدسیؔ عہد میں پورا اترے گا
آخر تک جو سچ کا ساتھ نبھائے گا

عبدالکریم قدسی

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

مکرم ضیاء الدین حمید صاحب

حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب کپورتھلوی اور آپ کی نسل پر حضرت مسیح موعود اور خلفاء احمدیت کی شفقتیں

حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب آف کپورتھلہ سراوہ ضلع میرٹھ انڈیا کے رہنے والے تھے۔ آپ کے والد بزرگ بہت ہی نیک اور ولی اللہ انسان تھے۔ آپ جب حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے گئے تو راستے میں انہوں نے کشف میں دیکھا کہ حضرت امام مہدی پیدا ہو چکے ہیں۔ واپس وطن آکر آپ نے اپنے کشف کا ذکر گھر والوں کے پاس کیا اور فرمایا کاش کہ میں بھی حضرت امام مہدی کا زمانہ پالیتا اور وصیت کی جب حضرت امام مہدی کا ظہور ہو تو آپ لوگ ان کی بیعت کر لینا۔ 1857ء کی جنگ کے وقت دہلی اور میرٹھ کے بہت سے لوگ ریاست کپورتھلہ تشریف لے آئے۔ 25,20 خاندان روزگار کے سلسلہ میں یہاں آکر سکونت پذیر ہو گئے اور یہ سب ایک ہی محلّہ میں آباد تھے۔ جو ہندوستانیوں کا محلّہ کہلاتا تھا۔ ان کی آپس میں برادری، لین دین، زبان اور تمدن قائم رہا۔

حضرت منشی صاحب پہلے تو محکمہ مال میں نائب تحصیلدار تھے پھر جلد ہی آپ کو محکمہ دفاع میں تبدیل کر کے کمانڈر انچیف کا سیکرٹری بنا دیا گیا۔ ان دنوں حضرت محمد خان صاحب ریاست کے ایک بڑے افسر تھے۔ سرکاری اصطبل کے انچارج تھے اور تقریباً 400 آدمی ان کے ماتحت تھے۔ سینکڑوں گاڑیاں اور گھوڑے تھے۔ فارغ ہو کر احمدی احباب ان ہی کے ہاں جمع ہو جاتے اور پھر حضرت مسیح موعود کا ذکر ہوتا یا آپ کی کوئی کتاب پڑھی جاتی۔ عصر، مغرب اور عشاء کی نمازیں ان ہی کے ہاں ادا کی جاتیں اور بہت رات گئے احباب اپنے گھروں کو جاتے غرضیکہ یہ تمام لوگ عشق و محبت کے بندے تھے اور آپس میں بے نظیر ہمدردی اور محبت رکھتے تھے اگر کسی دن کوئی شخص نہ آتا تو اس کے گھر پر جا کر خیریت دریافت کرتے۔

آپ کی بیعت کا واقعہ

آپ کا شمار 313 رفقاء میں ہے۔ نہایت عبادت گزار ولی اللہ تھے جب لدھیانہ میں حضرت اقدس نے بیعت لینے کا اعلان فرمایا تو حضرت منشی ظفر احمد صاحب نے منشی صاحب سے لدھیانہ چلنے کو کہا۔ تو منشی صاحب نے فرمایا کہ میں استخارہ کرلوں۔ تو منشی ظفر احمد صاحب نے فرمایا تم استخارہ کرو۔ ہم تو جاتے ہیں۔ حضرت منشی اروڑا صاحب، حضرت منشی محمد خان صاحب یکے بعد دیگرے لدھیانہ کو روانہ ہو گئے۔ پہلے حضرت منشی اروڑا صاحب نے بیعت کی۔ پھر حضرت منشی ظفر احمد صاحب نے بیعت کی۔ بیعت کرتے وقت حضرت اقدس نے دریافت فرمایا آپ کے رفیق کہاں ہیں۔ اس پر حضرت منشی ظفر احمد صاحب نے فرمایا۔

منشی اروڑا صاحب نے بیعت کر لی ہے اور محمد خان صاحب غسل کر رہے ہیں۔ وہ کہتے ہیں میں نہا کر بیعت کروں گا۔ چنانچہ بعد میں محمد خان صاحب نے بیعت کی اور منشی عبدالرحمٰن صاحب کو استخارہ کرنے پر آواز آئی ”عبدالرحمٰن آجا“۔ چنانچہ دوسرے دن آکر منشی عبدالرحمٰن صاحب نے بیعت کر لی۔ اس طرح سے آپ کا بیعت میں نمبر 10 واں تھا۔ دیکھئے یہ اپنا اپنا رنگ ہے۔ ایک وہ تھے فوراً چل پڑے۔ ایک نے انتہائی ادب کے پیش نظر غسل کر کے بیعت کرنا چاہی۔ ایک نے استخارہ کو مقدم سمجھا۔ ہر ایک کا اخلاص اپنے اپنے ذوق کے مطابق ظاہر ہے اور کسی کو کسی پر ترجیح دینا مشکل ہے۔ اسی قسم کا اختلاف ہے جو برکت کو موجب ہوتا ہے اور جس پر کوئی نکتہ چینی نہیں ہو سکتی۔

گلہائے رنگا رنگ سے ہے زینت چمن
اے ذوق اس جہاں کو ہے زیب اختلاف سے

آپ کی امانت اور دیانت

آپ نے 55 سال ملازمت کی اس زمانے میں افسر اعلیٰ کی مرضی پر موقوف ہوتا تھا کہ حق پنشن کے بعد بھی مناسب اور قابل شخص کو ملازمت میں توسیع دیتا رہے۔ منشی صاحب ایک طویل عرصہ تک ناظر محکمہ جنگی رہے۔ لاکھوں روپے کا حساب کتاب تھا۔ کئی کمانڈر انچیف آئے اور گئے۔ سب حضرت منشی صاحب کی دیانت اور خدمت گزاری کے قدردان تھے۔ 55 سال کے بعد منشی صاحب سبکدوش ہوئے تو حساب میں کوئی بقایا آپ کے ذمہ نہ تھا۔

حالانکہ نظارت کا عہدہ حسابات کے لحاظ سے بڑا مشکل اور پیچیدہ معاملہ ہے۔ کم کوئی ایسے شخص ہوں گے جو حسابات کی الجھنوں سے پاک نکلیں۔

منشی صاحب کی دیانت مندرجہ ذیل دو واقعات سے بھی ہویدا ہے اور نیز یہ کہ آپ تقویٰ کی کس قدر باریک راہوں پر چلنے والے تھے۔

پنشن پانے کے بعد منشی صاحب نے اپنی ملازمت کا پھر محاسبہ کیا اور یہ محسوس کیا کہ وہ سرکاری سٹیشنری سے غریب طلباء، بچے یا دوست احباب کو وقتاً فوقتاً کوئی کاغذ قلم دوات یا پنسل دیتے رہے ہیں۔ بات یہ تھی کہ محلے کے طلباء بچے یا دوست احباب منشی صاحب سے کوئی چیز مانگ لیتے تھے اور لحاظ کے طور پر منشی صاحب دے دیتے تھے۔ یہ ایک بہت ہی ناقابل ذکر شے ہوتی تھی اور کئی سالوں میں بھی 7,5 روپے سے زیادہ قیمت نہ رکھتی ہوگی۔ لیکن منشی صاحب نے محسوس کیا کہ انہیں ایسا کرنے کا دراصل حق نہیں تھا۔ پس آپ نے وزیراعظم کو لکھا کہ میں نے اس طریق پر بعض دفعہ سٹیشنری صرف کی ہے۔ آپ مجھے معاف کر دیں تاکہ میں خدا تعالیٰ کے روبرو جواب دہی سے بچ جاؤں۔ ظاہر ہے وزیراعظم نے ان سے درگزر کیا۔

منشی صاحب بوڑھے ہو گئے۔ روزنامچہ لکھنے کی عادت تھی۔ آپ نے یہ دیکھنا چاہا کہ میرے ذمہ کسی کا قرض تو نہیں ہے۔

روزنامچے کی پڑتال کرتے ہوئے کوئی 40 سال قبل کا ایک واقعہ درج تھا۔ یعنی منشی صاحب نے ایک غیر احمدی سے مل کر ایک معمولی سی تجارت کی تھی۔ اس کے نفع میں سے بروئے حساب 40 روپے کے قریب منشی صاحب کے ذمہ نکلتے تھے۔ آپ نے یہ رقم حقدار کے نام بذریعہ منی آرڈر بھجوا دی۔ تار سید بھی حاصل ہو جائے۔ وہ شخص کپورتھلہ کا رہنے والا تھا اور ”عجب خان“ اس کا نام تھا۔ منی آرڈر وصول ہونے کے بعد وہ اپنی مسجد میں گیا اور لوگوں سے کہا کہ تم احمدیوں کو برا تو کہتے ہو لیکن یہ نمونہ بھی تو کہیں دکھاؤ۔ 40 سال قبل کا واقعہ ہے اور خود مجھے بھی یاد نہیں کہ میری کوئی رقم منشی صاحب کے ذمہ نکلتی ہے۔

حضرت منشی صاحب صوم و صلوٰۃ اور تہجد کے ہمیشہ پابند تھے۔ بڑھاپے میں بھی یہی معمول رہا۔ پنجوقتہ نماز باجماعت بیت الذکر میں پڑھتے تھے۔ یاد خدا آپ کے چہرے مبارک سے عیاں تھی۔ سادگی اور خاکساری ان کا طبعی وصف تھا۔ حضرت منشی صاحب نے ایک رسالہ بھی تصنیف کیا اور اسے شائع کیا۔ یہ ایک مقامی شخص کے اعتراضات کے جواب میں تھا۔ رسالے کا نام تھا۔ ”عبدالرحمٰن بجواب مسیح قادیان“ معترض کی خوب خوب قلعی کھولی گئی تھی۔

حضرت منشی صاحب کپورتھلہ سے ہجرت کر کے قادیان دارالامان تشریف لے گئے اور 100 سال کی عمر میں وفات پائی۔ بہشتی مقبرہ قادیان میں مدفون ہوئے۔

حضرت منشی صاحب کی 4 بیٹیاں اور ایک بیٹا تھا۔ بیٹے کا نام حضرت ڈاکٹر منشی عبدالسمیع صاحب تھا اور آپ بھی اپنے والد کے رنگ میں رنگین تھے۔ وہی زہد وتعبد اور فقر وغنا اور سوز وگداز ان میں بھی پایا جاتا تھا۔

جب بیت احمدیہ کپورتھلہ پر مخالفین نے قبضہ کر لیا اور احمدیوں کو عدالت میں دعویٰ کرنا پڑا تو شہر کے عمائد اور رؤسا مدعا علیہ تھے۔ احمدی چند احباب تھے۔ ان کا رسوخ و اثر کوئی نہ تھا۔ مخالفین کو یقین کامل تھا کہ عدالت ان کے حق میں فیصلہ کرے گی۔ احمدیوں کے راستے تک بند کر دیئے گئے۔ حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب اور آپ کے بیٹے حضرت منشی ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب چکر کاٹ کر گھر کو جاتے تھے۔ حضرت حافظ امام الدین صاحب جو بیت احمدیہ کے امام تھے، کو پیٹا گیا اور گھسیٹا گیا آپ کی پگڑی میں آگ پھینکی گئی۔ گالی گلوچ ایک عام بات تھی۔ بعض آوارہ طبع لوگ راستہ روکے رہتے تھے اور احمدیوں کو ستانا اور ان کو گالی دینا ان کا ایک محبوب اور موجب ثواب مشغلہ تھا۔ 7 سال تک یہ مقدمہ جاری رہا۔ اتفاقاً دوران مقدمہ حضرت منشی فیاض علی صاحب نے لدھیانہ کے مقام پر ایک محفل میں بڑے عجز و الحاح کے ساتھ آبدیدہ ہو کر حضرت مسیح موعود سے عرض کیا کہ ہم سے بیت احمدیہ چھن گئی ہے۔ حضور دعا کریں کہ یہ ہمیں مل جائے۔ حضور نے اس وقت بڑے جلال کے رنگ میں فرمایا کہ

اگر میں سچا ہوں اور میرا سلسلہ سچا ہے تو بیت احمدیہ تمہیں ضرور ملے گی۔ بالآخر خانہ خدا کا فیصلہ احمدیوں کے حق میں ہوا اور نہایت مخالفانہ حالات کے باوجود آخری عدالت کے حاکم نے ہمارے خلاف فیصلہ کرنا چاہا۔ وہ بحث سن چکا تھا اور مخالفانہ انداز اختیار کر چکا تھا۔ بحث کے بعد مقدمہ فیصلہ پر رکھا گیا کہ ایک دن وہ کچہری آنے کی تیاری میں تھا کہ اچانک اس کی موت واقع ہو گئی۔ یعنی حرکت قلب بند ہو جانے سے حضرت منشی عبدالسمیع صاحب ابن حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب نے ایک روز پہلے یہ رویا دیکھا کہ کسی شخص نے بازار میں آپ سے یہ ذکر کیا ہے کہ اس حاکم کی اچانک موت واقع ہو گئی ہے۔ دوسرے دن من وعن یہ واقعہ ظہور میں آیا اور بازار میں جاتے ہوئے ایک شخص نے حضرت منشی صاحب سے ذکر کیا کہ وہ حاکم فوت ہو گیا ہے۔ حضرت منشی صاحب کا رویا من وعن پورا ہوا اور وہ حاکم مر گیا اور اس کی جگہ دوسرا حاکم آ گیا۔ جس نے احمدیوں کے حق میں فیصلہ دیا۔

جماعت احمدیہ کپورتھلہ کا اخلاص

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی 1905ء کے ایک سفر کے حالات میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

والدہ صاحبہ حضرت اماں جان نے کپورتھلہ میں ٹھہرنا تھا...... ہم کپورتھلہ پہنچے یہ وہ جگہ ہے کہ جہاں حضرت اقدس مسیح موعود کا بھی کچھ مدت قیام رہا ہے۔ خدا تعالیٰ کی قدرت ہے کہ خاص خاص جگہوں میں خاص خاص خصوصیتیں ہوتی ہیں۔ کپورتھلہ کی مٹی میں خدا تعالیٰ نے وہ اثر رکھا ہے کہ یہاں جس قدر لوگ سلسلہ میں داخل ہوئے ہیں کسی دلیل کسی معجزہ کسی نشان کی وجہ سے نہیں ہوئے اور نہ انہیں کسی کشف و کرامت کی ضرورت ہے کہ ان کے ایمان کو قائم رکھے۔ بڑے سے بڑا ابتلا ہو اور کیسا ہی سخت امتحان ہو۔ ان لوگوں پر خدا کا کچھ ایسا فضل ہے کہ ان کا پائے ثبات ذرہ بھی لغزش نہیں کھاتا اور اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ انہوں نے حضرت مسیح موعود کی معجزانہ زندگی کو دیکھ کر آپ کی بیعت ہی نہیں کی بلکہ عشق پیدا کیا ہے اور یہاں تک ترقی کی ہے کہ ع

لیلیٰ را بچشم مجنوں باید دید

کا معاملہ ہو گیا ہے۔ ان لوگوں نے خدا کے مرسل کی زندگی کو دیکھ لیا ہے کہ وہ کیسی پاک اور صاف تھی اور مشاہدہ کر لیا ہے کہ وہ گناہوں سے کیسا پاک تھا۔ پس

اب جو کچھ ہو کوئی بات ان کے ایمان کے برخلاف نہیں ہوتی۔ ان کے ہاتھ میں وہ دلیل آ گئی ہے اسے کوئی توڑ ہی نہیں سکتا اور وہ یہ کہ ایسا راستباز آدمی خدا پر جھوٹ بول سکتا ہے؟ اور یہ ایک ایسی پکی بات ہے کہ اس کا توڑنا پھر انسان کی طاقت سے باہر ہے''۔

(رفقاء احمد جلد 4 ص 50۔ الحکم 7 مئی 1909ء)

بعدش سرمہ چشم آریہ طبع ہوئی تو حضرت اقدس نے کپورتھلہ میں بھجوائے۔ حضرت منشی چراغ محمد صاحب حضرت منشی محمد خان صاحب حضرت منشی اروڑا خان صاحب حضرت منشی ظفر احمد صاحب اور حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب سرمہ چشم آریہ بیت احمدیہ میں پڑھا کرتے تھے۔ جب حضرت اقدس کو مسیح موعود ہونے کا الہام ہوا تو حضرت منشی اروڑا خان صاحب نے ذکر کیا کہ ایک بڑا ابتلاء آنے والا ہے وہ قادیان سے یہ الہام سن کر آئے تھے۔ حضرت منشی ظفر احمد صاحب نے دریافت کیا مگر انہوں نے نہ بتلایا مگر یہی کہتے رہے کہ ایک بڑا ابتلاء آنے والا ہے۔ اس پر حضرت منشی ظفر احمد صاحب خود قادیان چلے گئے تو حضور نے فرمایا کہ ہمیں یہ الہام ہوا ہے اس پر حضرت منشی ظفر احمد صاحب نے عرض کیا کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو شخص ان کا زمانہ پائے وہ میرا اسلام انہیں پہنچاوے۔ اس لئے میں آپؑ کی طرف سے سلام پہنچاتا ہوں۔ حضور بہت خوش ہوئے اور فرمایا کہ جس اخلاص اور محبت سے کپورتھلہ والوں نے مانا ہے۔ اس کی نظیر کم ہے۔ حضرت منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلہ واپس آئے تو حضرت منشی اروڑا خان صاحب حضرت منشی محمد خان صاحب سے اس دعویٰ کا ذکر کر چکے تھے۔ اس پر تینوں دوست حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب کے ہاں گئے اور آپ سے حضرت مسیح موعود کے اس دعویٰ کا ذکر کیا تو آپ نے معاً کہا۔ آمنا وصدقنا۔

حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب کی ایک روایت مرقوم ہے کہ جالندھر میں حضرت اقدس خداتعالیٰ کی وحدانیت پر ایک دفعہ تقریر فرما رہے تھے۔ اس وقت ایک انگریز افسر جو کہ سپرنٹنڈنٹ پولیس تھا آ گیا اور ٹوپی اتار کر حضرت اقدس کو سلام کیا اور حضرت اقدس کی تقریر سننے کے لئے کھڑا رہا باوجودیکہ اس کے بیٹھنے کے لئے کرسی بھی منگوائی گئی۔ مگر وہ نہ بیٹھا اور یہ عجیب بات تھی کہ وہ تقریر سنتا ہوا سبحان اللہ۔ سبحان اللہ کہتا تھا۔ تھوڑا عرصہ تقریر سن کر حضرت اقدس کو سلام کر کے چلا گیا۔ اس کے بعد جب حضور سیر کو تشریف لے جاتے تو وہ راستے میں گھوڑے پر سوار مل جاتا اور گھوڑے کو ٹھہرا کر ٹوپی اتار کر سلام کرتا یہ اس کا معمول تھا۔

حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب فرماتے تھے کہ جب طاعون شروع ہوئی تو جماعت کپورتھلہ نے بذریعہ خط حضرت اقدس کی خدمت میں عرض کیا کہ اگر حضور اجازت دیں تو ہم قادیان آ جائیں۔ حضور نے تحریر فرمایا نہیں تم اسی جگہ رہو اور کپورتھلہ کو قادیان کا محلّہ تصور کرو حضرت منشی فیاض علی صاحب جو کہ حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب کے ہم وطن تھے تو آپ کو حضرت منشی صاحب نے لکھا کہ سراوہ سے یہاں کپورتھلہ آ جائیں۔ یہاں پر ملازمت کا بھی انتظام ہو جائے گا۔ آپ کپورتھلہ تشریف لے آئے۔ حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب نے آپ کو اپنے گھر ٹھہرایا اور اپنے بیٹے کی طرح ان کا خیال رکھا۔

ہماری والدہ جو کہ حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب کی پوتی ہیں اکثر حضرت منشی فیاض علی صاحب کا ذکر کیا کرتی تھیں اور ہمیشہ چچا فیاض علی کہہ کر آپ کو یاد فرماتی تھیں۔ حضرت منشی فیاض علی صاحب کو محکمہ دفاع میں ملازمت مل گئی۔ حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب بھی محکمہ دفاع میں کمانڈر انچیف کے ساتھ کام کرتے رہے۔ بعد میں محکمہ دفاع میں ہی ناظر کے عہدے سے ریٹائرڈ ہوئے۔

حضرت منشی فیاض علی صاحب کے ایک افسر کرنل جوالا سنگھ تھے آپ کی ان سے نہیں بنتی تھی وہ آپ کو بہت تنگ کرتا تھا اس پر حضرت منشی صاحب نے حضرت اقدس کی خدمت میں دعا کے لئے لکھا۔ اس پر حضرت اقدس نے فرمایا عشاء کی نماز کے بعد دوسو مرتبہ لاحول پڑھا کریں۔ چنانچہ انہوں نے اس پر عمل کیا اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ تھوڑے ہی دنوں بعد کرنل صاحب کی پنشن ہو گئی اور ان کی جگہ ان کا بیٹا آ گیا جو حضرت منشی صاحب کی بہت عزت کرتا تھا۔

حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب کے ایک داماد حضرت منشی فضل حق تھے جب انہیں حضرت منشی فیاض علی صاحب کے اس واقعہ کا پتہ لگا تو انہوں نے بھی اس پر عمل کیا۔ کیونکہ ان کے خلاف ایک قتل کا مقدمہ تھا۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں بھی باعزت بری کر دیا۔

حضرت مفتی محمد صادق صاحب حضرت منشی ظفر احمد صاحب، حضرت منشی اروڑا خان صاحب اور منشی عبدالرحمٰن صاحب کا ذکر کر کے فرماتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود نے ایک دفعہ اپنے ایک خط میں جو کہ حضرت منشی محمد خان صاحب کے نام لکھا تھا۔ اس میں آپ نے لکھا ''میں امید کرتا ہوں کہ آپ لوگ اس دنیا اور آخرت میں خداتعالیٰ کے فضل و کرم سے میرے ساتھ ہوں گے''۔

حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے بہت احسانات ہیں۔ جیسا کہ ذکر ہوا ہے آپ کی چار بیٹیاں تھیں اور ایک بیٹا تھا یہاں پر میں صرف دو بیٹیوں کا ذکر کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔ آپ کی ایک بیٹی آپا امۃ اللہ تھیں اور دوسری بیٹی آپا ہاجرہ تھیں۔

آپا امۃ اللہ صاحبہ کے بارے میں عرض کرتا ہوں کہ حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کی خدمت کا اس عاجز کو تقریباً ایک سال تک موقع ملا۔ آپ کی محبت اور شفقت کو میں آج بھی یاد کرتا رہتا ہوں۔ آپ نے جس طرح محبت کا سلوک میرے ساتھ کیا۔ اس طرح تو میری والدہ نے بھی نہیں کیا۔ آپ نے مجھے وہ واقعہ بھی سنایا کہ کس طرح سے میری والدہ کی پھوپھی آپا امۃ اللہ صاحبہ کے تین بچوں کی پرورش کی اور فرمایا ضیاء الدین صاحب اس طرح سے وہ بچے ایک آپ کے ماموں اور دو بیٹیاں آپ کی خالائیں لگیں۔

ہوا یوں کہ آپا امۃ اللہ کی شادی کے بعد آپ کے ہاں ایک بیٹا اور دو بیٹیاں ہوئیں ابھی بچے چھوٹے ہی تھے کہ والد کی محبت سے محروم ہو گئے۔ جب اس بات کا علم حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کو ہوا تو آپا امۃ اللہ صاحبہ کی شادی دوسری جگہ کروا دی اور بچوں کو آپ نے حضرت نواب محمد علی خان صاحب کے سپرد کر دیا کہ آپ اور مبارکہ بیگم صاحبہ ان بچوں کی پرورش کریں تو یہ یتیم بچے نوابوں کے گھر پل کر بڑے ہوئے جو آجکل کراچی میں ہیں اس بات کا ذکر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے بھی حضرت نواب منصورہ بیگم صاحبہ کے حوالہ سے بھی کیا تھا۔

اب میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے دوسرے بڑے احسان کا ذکر کرنا چاہتا ہوں جو کہ آپ نے آپا ہاجرہ صاحبہ پر کیا۔ آپ کی بڑی بیٹی محترمہ سراج بی بی صاحبہ انچارج دفتر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ تحریر کرتی ہیں (جو کہ مصباح نومبر دسمبر 1965ء میں درج ہے) میرے والد صاحب کا جب انتقال ہوا اس وقت میری عمر تقریباً 8 سال کی تھی اور میری چھوٹی بہن عائشہ کی عمر 6 سال، رشتہ داروں کے ناواجب سلوک سے زندگی سخت تنگ گزرنے لگی تھی۔ اتنی تنگ کہ بیان سے باہر ہے۔ آخر ایک نیک دل خاتون جو کہ ہمارے لئے فرشتہ رحمت ثابت ہوئی۔ میری والدہ اور دونوں بہنوں کو حضرت سیدہ ام طاہر صاحب کے ہاں چھوڑ آئی۔ آپ نے میری والدہ کو اپنے ہاں کھانا پکانے کے لئے رکھ لیا۔ اس طرح ہم تینوں کو حضور اور حضور کے بیوی بچوں کی خدمت کا موقعہ مل گیا اور صرف خدمت کا ہی موقعہ نہیں بلکہ ہمیں ایک مشفق باپ مل گیا۔ جو اپنے سگے باپ سے کہیں زیادہ بلکہ کروڑوں درجہ بہتر باپ تھا۔ جس سے ہم نے روحانی وجسمانی دونوں طرح کی غذائیں حاصل کیں چونکہ اس صورت میں ہم تینوں کو دن رات حضور کے قریب رہنے کا موقعہ ملا۔ اس لئے میں ان واقعات پر روشنی ڈالتی ہوں جو میری آنکھوں نے دیکھے اور کانوں نے سنے اور ان واقعات پر میرا خداتعالیٰ گواہ ہے۔

حضور کا سلوک ہمارے ساتھ بالکل اپنے بچوں کا سا تھا۔ آپ کی محبت اور شفقت بے مثال تھی۔ والد صاحب کی وفات کے وقت ہم دونوں بہنیں نصرت گرلز سکول میں پڑھتی تھی۔ اب آپ کے ہاں رہنے کی وجہ سے ہمارے سکول جانے میں کوئی روک نہیں ہوئی۔ بوقت ضرورت جس طرح صاحبزادی امۃ القیوم و صاحبزادہ امۃ الرشید بیگم کے لئے ماسٹر رکھے جاتے تھے۔ اسی طرح ہم دونوں بہنیں بھی ان سے فائدہ حاصل کرتی تھیں۔

جس طرح گھر میں اماں قدیراں نے دونوں صاحبزادیوں کو مشین چلانی سکھائی اسی طرح مجھے بھی سکھائی۔ غرضیکہ حضور کی طرف سے ہم دونوں بہنوں کو ہر طرح کی سہولت حاصل تھی۔ حتیٰ کہ ہمیں اپنا گھر اپنے رشتہ دار اپنا باپ سب کچھ بھول گیا یہ صرف اور صرف حضور کی شفقت بھرے سلوک کا نتیجہ تھا۔

حضرت سیدہ ام طاہر کی ہدایات کے مطابق میری والدہ حضور کا کھانا پکاتی تھیں اور ہم دونوں بہنوں کو کھانا اٹھا کر لے جانا ہوتا تھا۔

حضور کھانا بہت ہی کم کھاتے تھے۔ بمشکل دو پھلکے اگر چاول پکے ہوتے تو ساتھ دو چار لقمے چاولوں کے کھا لیتے۔ کھانا کھانے کے دوران حضور اخبار بھی پڑھتے رہتے یا ڈاک دیکھتے رہتے تھے۔ کوئی وقت بھی حضور کا ایسا نہ ہوتا کہ حضور جماعتی یا دینی کاموں سے فارغ ہوتے۔ حضور کھانا کھا کر نماز پڑھانے کے لئے تشریف لے جاتے تو بارہا راستہ میں عورتیں اپنے رقعے دیتیں۔ حضور راستہ میں ہی پڑھ کر ان کا جواب عنایت فرما دیتے۔ کسی نے بچے کا نام رکھوانا ہوتا تو وہ بھی اسی وقت تجویز فرما دیتے۔

حضور کا معمول تھا کہ صبح کی نماز کے بعد کچھ دیر آرام فرماتے اور جب اٹھتے تو اخبار الفضل آپ کے لئے آ چکا ہوتا تھا۔ حضور اٹھتے ہی الفضل کا مطالعہ فرمانے لگ جاتے۔ بعض رقعہ جات بھی آئے ہوتے ان کے بھی اسی وقت جواب عنایت فرما دیتے۔

ایک مرتبہ جبکہ حضور شملہ میں تشریف فرما تھے۔ اوپر کی منزل میں حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ اور سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ رہتی تھیں اور نیچے کی منزل میں حضور کی بیگمات و بچگان اور دفتر کا عملہ رہتا تھا۔ جمعہ کا دن تھا۔ دھوبی وقت پر کپڑے نہ لایا تھا اور گھر سے بھی کوئی دھلی ہوئی پگڑی نہ نکلی تو حضور خود اپنی پگڑی دھونے بیٹھ گئے۔ حضرت سیدہ ام طاہر نے بہت اصرار کیا کہ لائیں میں دھو دوں۔ حضور نے فرمایا کہ میں کسی ناراضگی کی وجہ سے یہ کام نہیں کر رہا۔ بلکہ اس لئے دھو رہا ہوں کہ ہمارے پیارے آقا حضرت رسول کریمؐ بھی خود اپنے ہاتھ سے اس قسم کے کام کیا کرتے تھے۔

اسی طرح قادیان میں حضور کو متعدد مرتبہ اپنے رومال خود اپنے ہاتھ سے میں نے دھوتے دیکھا ہے۔ سردیوں میں کمرے کی بڑی انگیٹھی میں جس کی آگ بجھنے کے قریب ہوتی خود کوئلے اور لکڑی وغیرہ لا کر ڈال لیتے۔ حضور کی خادمات سامنے کھڑی ہوتی تھیں لیکن حضور ان سے نہ کہتے۔

شملہ میں جس طرح اپنی بچیوں بی بی امۃ القیوم بیگم و بی بی امۃ الرشید بیگم کو مکرم ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب کے ساتھ تماشہ دیکھنے بھیجا۔ اسی طرح ہم دونوں بہنوں کو بھی ساتھ بھجوایا اور روپے بھی دیئے کہ بازار سے کچھ نہ کچھ خرید لینا۔ کیونکہ قادیان آنے کی تیاری تھی۔ قادیان میں حضور اکثر اپنے دفتر یعنی قصر خلافت میں ہی دن اور رات گزارتے تھے اور نیچے دفتر کا عملہ بھی ہوتا تھا تاکہ جلد سے جلد ہر کام سرانجام پائے۔

ہمارے پیارے آقا کی مہربانیاں اپنی جماعت کے لوگوں سے یتیموں سے بیواؤں سے دردمندوں سے یکساں تھیں۔ حضور نے صرف اپنی جماعت کے بے سہارا لوگوں کے ساتھ ہی شفقتیں نہیں فرمائیں۔

بلکہ میرے سامنے ہندو عورتیں اپنا وظیفہ لینے آیا کرتی تھیں جو کہ حضور نے اپنے پاس سے مقرر کیا ہوا تھا۔

حضور نے ہم دونوں بہنوں کے نکاح پڑھائے۔ ہمیں اپنے گھر سے باری باری رخصت کیا۔ ہر قسم کے تحفہ تحائف دے کر خاص طور پر اپنے ہاتھ سے بنے ہوئے عطروں کی شیشیاں عنایت فرمائیں۔

خالہ سراج بی بی صاحبہ کا مضمون تو بہت لمبا ہے جو کے 8 صفحات پر مشتمل ہے۔ میں نے پہلے دو صفحات کا مضمون تحریر کیا ہے۔ خالہ سراج بی بی صاحبہ کی شادی پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ہم سب رشتہ داروں کو بھی اپنے گھر بلوایا تھا اور حضرت سیدہ ام ناصر صاحبہ کے ہاں سے رخصت فرمایا تھا۔ جس میں یہ عاجز بھی شامل تھا۔

یہ واقعات لکھتے لکھتے مجھے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث یاد آ گئے۔ یہ عاجز ایک دن جب حضور کی خدمت میں حاضر ہوا تو سردی بہت تھی اور کمرہ بہت ٹھنڈا تھا۔ حضور انگیٹھی میں خود لکڑیاں رکھ کر آگ لگانے لگے۔ لکڑیاں کچھ گیلی تھیں اس لئے آگ نہیں لگ رہی تھی۔ عاجز نے عرض کیا حضور لائیں میں آگ لگائے دیتا ہوں حضور نے فرمایا تم کرسی پر بیٹھ جاؤ میں خود آگ سلگاؤں گا۔

اللہ اللہ عالمگیر جماعت کا خلیفہ اور امام جن کے ایک اشارے پر ہزاروں خادم حاضر ہو سکتے ہیں۔ اپنے اس خادم کو فرماتے ہیں تم کرسی پر بیٹھ جاؤ۔ میں خود آگ سلگاؤں گا۔ کیا دنیا میں اس قسم کے واقعات کہیں اور بھی مل سکتے ہیں؟

خاکسار نے حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب آف کپورتھلہ کے خاندان پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے صرف دو احسانات کا ذکر کیا ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ آپ کے ان گنت احسانات ہیں۔ خاکسار کی والدہ مریم بیگم جو حضرت منشی ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب کی بڑی صاحبزادی تھیں اور حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب کی پوتی تھیں۔ 1901ء میں پیدا ہوئیں۔ آپ کی پیدائش پر آپ کی والدہ ماجدہ جو کہ حضرت صوفی احمد جان آف لدھیانوی کے خاندان سے تھیں، انتقال کر گئیں۔ والدہ صاحبہ کی والدہ ماجدہ کا نام ''سعیدہ'' تھا والدہ صاحبہ کی پرورش آپ کی پھوپھی آپا ہاجرہ صاحبہ نے کی۔

1917ء میں حضرت والد صاحب جو کہ کشمیر میں مربی سلسلہ تھے۔ حضور نے قادیان بلوا کر آپ کی شادی ہماری والدہ صاحبہ سے کر دی۔ نکاح آپ نے خود پڑھا اور رخصتی بھی آپ نے خود کی۔ چونکہ والدہ صاحبہ کا تعلق کپورتھلہ سے تھا اور حضرت والد صاحب بھی کپورتھلہ کے ہی رہنے والے تھے۔ آپ اپنے خاندان میں اکیلے احمدی تھے اور 1902ء میں آپ نے حضرت اقدس کی بیعت کی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی نظر حضرت والد صاحب پر پڑی۔ اس طرح سے آپا ہاجرہ کی دو بیٹیاں ہی نہیں بلکہ تین بیٹیوں کی شادی حضور نے کروائی۔ اس طرح سے حضور کا یہ احسان بھی آپ پر تھا۔

خاکسار کی والدہ اپنے والد حضرت منشی ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب جو کہ محلّہ دارالفضل قادیان میں رہتے تھے جب جاتیں تو مجھے بھی ساتھ لے جاتیں میں حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب کے کمرے میں چلا جاتا اور آپ کی چارپائی پر ہی بیٹھ جاتا۔ آپ جب حضرت اقدس کا ذکر فرماتے تو آپ کے چہرے پر بشاشت اور خوشی ہوتی اور آپ کا چہرہ نور سے تمتما اٹھتا۔ ایسے معلوم دیتا جیسے کوئی عاشق اپنے معشوق کا ذکر کر رہا ہے اور ہو بھی کیوں نا۔ آپ تو حضرت اقدس کے عاشق صادق تھے۔ آپ کو حضرت اقدس کا ذکر خیر کرتے ہوئے جو مزہ آتا اور آپ ذکر سے لطف اٹھاتے۔ دوسرا کوئی کیا اٹھائے گا آپ نے فرمایا جب میں سروس سے ریٹائرڈ ہونے لگا۔ تو میرے مخالفوں نے ہر طرح کے ہتھکنڈے استعمال کئے۔ لیکن الحمدللہ میرا تمام حساب کتاب اللہ تعالیٰ کے فضل اور حضرت اقدس کی دعاؤں سے بالکل صاف ستھرا نکلا۔ ایک پائی بھی کم نہ نکلی۔ آپ نے بتلایا کہ تمہاری والدہ جب تین سال کی تھیں تو حضور اقدس نے انہیں گود میں اٹھایا اور پیار دیا۔

آپ کے تعلقات حضرت صوفی احمد جان صاحب آف لدھیانہ سے بھی تھے اور قرابت داری بھی تھی۔ ہماری والدہ ماجدہ کی والدہ صاحبہ کا تعلق بھی حضرت صوفی احمد جان کے خاندان سے تھا۔

اگر دیکھا جائے تو صرف حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے احسانات اس خاندان پر نہیں۔ بلکہ ہر خلافت کے دور میں احسانات جاری رہے اور اب تک خلافت کی برکات اور احسانات سے مستفید ہو رہے ہیں۔ اس عاجز کو ہی لے لیں جس پر خلافت احمدیہ کے ان گنت احسانات ہیں۔ جن کا کچھ ذکر خاکسار نے الفضل میں بھی شائع کروایا ہے۔

اس وقت آپ کی اولاد اکناف عالم میں پھیلی ہوئی ہے۔ نیوزی لینڈ سے لے کر کینیڈا اور امریکہ تک آپ کے خاندان کا کوئی نہ کوئی فرد مل جائے گا۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل اور خلافت کی برکات کا صلہ ہے۔ ہم جتنا بھی شکر ادا کریں کم ہے۔

میں جب اپنے بزرگوں کے حالات کو دیکھتا ہوں اور اپنا جائزہ لیتا ہوں۔ تو شرم سے سر جھکا لیتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اور ہماری اولادوں کو ان بزرگوں کے قدم بقدم چلنے کی توفیق عطا فرما دے اور ہم اپنے بزرگوں کا نام بلند کرنے والوں میں ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور ہماری اولادوں کو ہمیشہ خلافت احمدیہ سے وابستہ رکھے اور دین کا خادم اور نظام جماعت کا ادنیٰ خادم بنائے ہمارا بہشت ہمارا خدا ہے ہماری اعلیٰ لذات ہمارے خدا میں ہیں۔

مکرم جلال الدین شاد صاحب

جانوروں کا آپس میں پیار کا ایک انوکھا سلوک

اکثر شیر جھنڈ میں ایک علاقہ میں رہتے ہیں یہ علاقہ کئی میلوں تک پھیلا ہوتا ہے۔ جس میں اس جھنڈ کے شیروں کی حکمرانی ہوتی ہے کوئی دوسرا شیر اس علاقہ میں نہیں آتا اور عموماً شیر اپنے علاقے میں شکار کرتے ہیں۔ مسٹر ولیم نے اپنی ٹیم کے ہمراہ تنزانیہ کے جنگلوں میں نیشنل جغرافک سوسائٹی کے لئے سفر کیا اور نیشنل جغرافک سوسائٹی کے لئے شیروں کی زندگی کے متعلق فلم بنانے میں مصروف ہو گئے۔ وہ اکثر شیروں کے کئی علاقوں میں فلم بنانے کے لئے گئے۔ انہوں نے دیکھا کہ چاروں طرف شیروں کے جھنڈوں کے علاقے تھے لیکن ان علاقے کے درمیان ایک ایسا بھی علاقہ آیا جہاں ایک شیرنی تھی وہ اکیلی شکار کرتی نظر آئی۔ مسٹر ولیم نے حیران ہو کر وہاں کئی دنوں تک ڈیرا ڈالا اور وجہ معلوم کرنے کی کوشش کی کہ اس علاقہ میں اکیلی شیرنی کیوں اکیلی شکار کرتی ہے اکیلی رہتی ہے اور اکیلے ہی سارا دن رات وقت گزارتی ہے۔

ایک دن انوکھا واقعہ پیش آیا مسٹر ولیم Mr William اور اس کی ٹیم نے دیکھا کہ شیرنی صبح اٹھ کر آہستہ آہستہ چل کر چنکاروں کے پاس گئی معلوم ہوا کہ ایک چنکارہ مادہ نے ایک بچے کو جنم دیا ہے ابھی وہ بچہ صحیح طور پر اٹھ کر کھڑا ابھی نہیں ہو سکتا تھا کہ چنکارہ مادہ اور دوسرے چنکارہ نے شیرنی کو اپنی طرف آتے دیکھا تو وہ سب بھاگ گئے وہ چنکارہ کا بچہ ابھی کھڑا ہونے کی کوشش کر رہا تھا کہ شیرنی اس بچہ کے پاس پہنچ گئی۔ شیرنی کو دیکھ کر بچہ اس کو اپنی ماں سمجھ کر ہمت کر کے کھڑا ہو گیا اور شیرنی کا دودھ پینے کے لئے اس کی طرف گیا اور شیرنی کا دودھ پینے کی کوشش کی۔ شیرنی اس بچہ کو دیکھ کر کھڑی ہو گئی وہ اس کو دودھ تو نہیں پلا سکتی تھی البتہ اس نے چنکارہ کے بچہ کو بہت پیار کیا اس کو چاٹ کر اچھی طرح صاف کیا اور اس کو کھڑا ہونے میں مدد کی اور اس کو سہارا دے کر ساتھ چلتی رہی۔ اسی طرح رات ہو گئی بچہ اور شیرنی ایک ساتھ سو گئے۔ بچے کو اچھی طرح اپنے جسم کے ساتھ لگ کر رات گزاری۔ اسی طرح شیرنی اس کو ساتھ لے کر گھاس کے میدان میں لے آئی۔ دو تین دن اسی طرح گزر گئے پھر ایک دن شیرنی نے چنکاروں کا جھنڈ دیکھا اور شیرنی نے خیال کیا کہ وہ اس کی ماں کو ساتھ لے آئے اس غرض کے لئے شیرنی نے بچہ کو ایک طرف کھڑا کر دیا اور آہستہ آہستہ چنکاروں کے جھنڈ کی طرف چلی گئی تا کہ وہ بچہ کو اس کی ماں کے پاس لے جائے شیرنی کو دیکھ کر چنکارے پھر ادھر ادھر بھاگ گئے ایک چنکارہ مادہ بچہ کے پاس آ بھی گئی اور بچہ نے اس کو دیکھ کر اس کا دودھ پینا چاہا۔ لیکن مادہ چنکارہ گھبرائی ہوئی تھی وہ شیرنی کو دور خاموش کھڑے دیکھ کر رہی تھی اس گھبراہٹ میں وہ بچہ کو چھوڑ کر بھاگ گئی چونکہ وہ بچہ کی ماں نہ تھی وہ اس کو دودھ نہ پلا سکی۔ شیرنی ناکام ہو کر بچے کو ساتھ لے کر پھر گھاس کے میدان میں اس کو لے آئی تا کہ وہ کچھ کھا لے۔

بچہ نے کچھ نہ کچھ ضرور گھاس پر منہ ڈال کر اس کو کھا لیا لیکن ماں کے دودھ کے بغیر اس کو طاقت نہ آ رہی تھی۔ وہ اگرچہ بڑا ہو رہا تھا لیکن دودھ کے بغیر کمزور ہوتا جا رہا تھا۔ دوپہر کو شیرنی اور بچہ ایک دوسرے پر سر رکھ کر سو جاتے اور اس طرح کچھ آرام کر لیتے لیکن بچہ کو جب بھوک لگتی وہ اٹھ جاتا پھر وہ دونوں گھاس کے میدان میں چلے جاتے کبھی کچھ دور پانی کا ذخیرہ تھا وہ وہاں دونوں اکٹھے جاتے پانی اکٹھے پیتے اور پھر آرام کرنے کے لئے ایک سایہ دار درخت کے تلے آرام کرتے۔

مسٹر ولیم اور اس کی ٹیم یہ نظارہ متواتر پندرہ دن تک دیکھتے رہے اور اس کی باقاعدہ فلم بناتے رہے 15 دن تک انہوں نے جو خاص بات دیکھی وہ یہ تھی کہ متواتر 15 دن تک شیرنی نے کوئی شکار نہ کیا اور صرف بچہ کی حفاظت کے لئے اس کے ساتھ ساتھ رہی اس وجہ سے وہ خود بھی بہت کمزور ہو چکی تھی ایک دن ایسا آیا کہ بچہ اور شیرنی سایہ دار درخت کے نیچے آرام کر رہے تھے دونوں کے جسم ساتھ ساتھ لگے ہوئے تھے چنکارہ کا بچہ اپنا منہ شیرنی کے پیٹ اور ٹانگوں کے درمیان رکھ کر سو رہا تھا کہ اچانک اس کو بھوک نے تنگ کیا وہ اٹھا اور اکیلا ہی ساتھ گھاس کے میدان میں چلا گیا۔ شیرنی بھی اٹھ گئی لیکن اس کی طرف منہ کر کے آرام کرتی رہی کہ اچانک ایک شیر کہیں سے وہاں آ گیا اس نے چنکارہ کے بچے کو دیکھا اور اس کو گردن سے پکڑ لیا۔ بچہ چلایا شیرنی اس کی طرف دوڑی لیکن طاقتور شیر کا مقابلہ نہ کر سکتی تھی۔ متواتر اس کے پیچھے پیچھے چلتی رہی لیکن اس دوران شیر نے بچہ کو مار کر کھانا شروع کر دیا۔ لیکن جب اس نے شیرنی کو دیکھا تو وہ بچہ کو لے کر دور بھاگ گیا تا کہ اپنا شکار خود کھائے۔ جہاں شیر نے بچے کو نیچے رکھ کر کھانا شروع کیا تھا وہاں بچے کا خون بہہ گیا شیرنی بہت پریشانی کے عالم میں خون کو سونگھتی رہی اور یہ اندازہ لگاتی رہی آیا کہ بچہ زندہ ہے یا مر گیا ہے اسی ثناء میں شیر بچے کو کھا کر چلا گیا۔ شیرنی نے واقعۃً اپنا منہ غم اور پریشانی کے عالم میں ایسا بنایا کہ اس کی آنکھوں میں آنسو ٹپکتے نظر آتے تھے۔ یہ نظارہ دیکھ کر Mr William مسٹر ولیم کی ٹیم بھی آنسو بہائے بغیر نہ رہ سکی۔ بعد میں ٹیم کے ممبر مسٹر ولیم کے ساتھ ایک نزدیکی گاؤں میں گئے اور تمام واقعہ ان کو سنایا۔ گاؤں والوں نے انہیں بتایا کہ یہ شیرنی بانجھ تھی۔ اسی لئے شیروں کے جھنڈ سے علیحدہ ہو کر ادھر آ ئی تھی اور انہوں نے یہ بھی بتایا کہ اس شیرنی نے یہ پانچواں بچہ تھا جس کو اپنانا چاہا تھا چار بچے پہلے اپنانا چاہے جن میں دو بچے مر گئے دو بچے بھاگ گئے اور یہ بچہ شیر کھا گیا۔

مکرم رانا مبارک احمد صاحب

حضرت مسیح موعود کے سنہری ارشادات

لذات ہمارے خدا میں ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے مجھے مامور کر کے بھیجا ہے تا کہ میں زندہ ایمان زندہ خدا پر پیدا کرنے کی راہ بتلاؤں۔

عقلمند وہ ہے جو عذاب آنے سے پیشتر اس کی فکر کرتا ہے اور دور اندیش وہ ہے جو مصیبت سے پہلے اس سے بچنے کی فکر کرے انسان کو یہی لازم ہے کہ آخرت پر نظر رکھ کر برے کاموں سے توبہ کرے۔

نماز انسان کا تعویذ ہے۔ پانچ وقت دعا کا موقعہ ملتا ہے کوئی دعا تو سنی جائے گی اس لئے نماز کو بہت سنوار کر پڑھنا چاہئے اور مجھے بھی بہت عزیز ہے۔

صلوٰۃ تزکیہ نفس کرتی ہے اور صوم تجلی قلب کرتا ہے۔

حج ایک اعلیٰ درجہ کی چیز ہے جو کمال سلوک کا آخری مرحلہ ہے۔

میں نے بتا دیا ہے کہ ممارزقناھم روپیہ پیسہ سے مخصوص نہیں خواہ جسمانی ہو یہ سب اس میں داخل ہے جو علم سے دیتا ہے وہ بھی اس کے ماتحت ہے مال سے دیتا ہے وہ بھی داخل ہے۔ طبیب ہے وہ بھی داخل ہے۔

قرآن جواہرات کی تھیلی ہے اور لوگ اس سے بے خبر ہیں۔

قرآن شریف پر تدبر کرو اس میں سب کچھ ہے۔ نیکیوں اور بدیوں کی تفصیل ہے اور آئندہ زمانے کی خبریں ہیں۔

یاد رکھو کہ صرف ترک شر ہی نیکی نہیں ہے نیکی اس میں ہے کہ ترک شر کے ساتھ کسب خیر بھی ہو۔

قرآن شریف میں تمام احکام کی نسبت تقویٰ اور پرہیزگی کے لئے بڑی تاکید ہے۔ وجہ یہ ہے کہ تقویٰ ہر ایک بدی سے بچنے کے لئے قوت بخشتی ہے اور ہر ایک نیکی کی طرف دوڑنے کے لئے حرکت دیتی ہے۔

اخلاق ہی ساری ترقیات کا زینہ ہیں۔ میری دانست میں یہی پہلو حقوق العباد کا ہے جو حقوق اللہ کے پہلو کو تقویت دیتا ہے۔

نیکی کا پہلا دروازہ اسی سے کھلتا ہے کہ اپنی کورانہ زندگی کو سمجھے اور پھر بری مجلس اور بری صحبت کو چھوڑ کر نیک مجلس کی قدر کرے۔

احسان سے بھی آگے بڑھو اور ترقی کر کے ایسی نیکی کرو کہ وہ ایتاء ذی القربیٰ کے رنگ میں رنگین ہو یعنی جس طرح سے ایک ماں اپنے بچے سے نیکی کرتی ہے ماں کی اپنے بچے سے محبت ایک طبعی اور فطری تقاضا پر مبنی ہے نہ کہ کسی طمع پر۔

روحانی اور جسمانی طور پر اپنی بیویوں سے نیکی کرو ان کے لئے دعا کرتے رہو اور طلاق سے پرہیز کرو۔ کیونکہ نہایت بدخدا کے نزدیک وہ شخص ہے جو طلاق دینے میں جلدی کرتا ہے۔ جس کو خدا نے جوڑا ہے اس کو گندے برتن کی طرح جلد مت توڑو۔

جب تک اولاد کی خواہش محض اس غرض کے لئے نہ ہو کہ وہ دیندار اور متقی ہو اور خدا تعالیٰ کی فرمانبردار ہو کر اس کے دین کی خادم بنے بالکل فضول بلکہ ایک قسم کی معصیت اور گناہ ہے۔

(دینی) پردہ سے یہ ہرگز مراد نہیں کہ عورت جیل خانہ کی طرح بند رکھی جائے قرآن شریف کا مطلب یہ ہے کہ عورتیں ستر کریں۔ وہ غیر مرد کو نہ دیکھیں جن عورتوں کو باہر جانے کی ضرورت تمدنی امور کے لئے پڑے ان کو گھر سے باہر نکلنا منع نہیں ہے وہ بے شک جائیں لیکن نظر کا پردہ ضروری ہے۔

میرا مذہب یہ ہے کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو الگ کیا جاتا کل نبی جو اس وقت تک گزر چکے تھے سب کے سب اکٹھے ہو کر وہ کام اور وہ اصلاح کرنا چاہتے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کی ہرگز نہ کر سکتے۔

تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا۔

ہمیں ایسے آدمیوں کی ضرورت ہے جو نہ صرف زبانی بلکہ عملی طور پر کچھ کر کے دکھانے والے ہوں علمیت کا زبانی دعویٰ کسی کام کا نہیں ایسے ہوں کہ نخوت اور تکبر سے بکلی پاک ہوں اور صحبت میں رہ کر یا کم از کم ہماری کتابوں کا کثرت سے مطالعہ کرنے سے ان کی علمیت کامل درجہ تک پہنچی ہوئی ہو۔

ایمان کی شرط ہے آزمایا جانا۔ صحابہ کرام کیسے آزمائے گئے ان کی قوم نے طرح طرح کے عذاب دیئے۔ ان کے اموال پر بھی ابتلاء آئے۔ جانوں پر بھی خویش و اقارب پر بھی۔ اگر ایمان لانے کے بعد آسائش کی زندگی آ جاوے تو اندیشہ کرنا چاہئے کہ میرا ایمان صحیح نہیں کیونکہ یہ سنت اللہ کے خلاف ہے کہ مومن پر ابتلاء نہ آئے۔

ہر نبی ایک حجاب میں مستور ہوتا ہے مبارک وہ جو اس حجاب کے اندر سے اس کو پہچان لیتے ہیں۔

جب دانشمند اور اہل عقل انسان زمین اور آسمان کے اجرام کی بناوٹ پر غور کرتے اور رات اور دن کی بیشی کے موجبات اور علل کو نظر عمیق سے دیکھتے ہیں۔ انہیں اس نظام پر نظر دوڑانے سے خدائے تعالیٰ کے وجود پر دلیل ملتی ہے پس وہ زیادہ انکشاف کے لئے خدا سے مدد چاہتے ہیں اور اس کو کھڑے ہو کر اور بیٹھ کر اور کروٹ پر لیٹ کر یاد کرتے ہیں۔

فساد کی نیت سے زمین میں مت پھرا کرو۔ یعنی اس نیت سے کہ چوری کریں یا ڈاکہ ماریں یا کسی کی جیب کتریں یا کسی اور ناجائز طریق سے بیگانہ مال پر قبضہ کریں۔

اطاعت کوئی چھوٹی سی بات نہیں اور سہل امر نہیں یہ بھی ایک موت ہوتی ہے۔ جیسے ایک زندہ آدمی کی کھال اتاری جائے ویسی ہی اطاعت ہے۔

